اجتماعی کارکردگی کا پانچ نکاتی فارمولا

40

اجتماعی کارکردگی کا دارومدار درج ذیل پانچ اُمور کی بہتری پر ہوتا ہے:

۱ **واضح حکمتِ عملی:** مشاورت کے ذریعے طے کی جائے، خوش فہمی کے بجائے حقائق کا سہارا لیا جائے، وسائل اور صلاحیت کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، مقاصد سے ہم آہنگی پر کبھی مصالحت نہ کی جائے۔

۲ **مکمل عمل در آمد:** حکمت عملی کا نفاذ سختی کے ساتھ کیا جائے، مطلوبہ معیار اور توقعات کے حصول کی کوشش کی جائے۔ کیا، کب، کہاں، کون، کیوں جیسے اہم سوالات کا بروقت جواب دیا جائے، کام پر گرفت کبھی ڈھیلی نہ ہو۔

۳ **مستحکم روایات:** دستور اور ضابطۂ کار کی اہمیّت اپنی جگہ، لیکن روایات وہ تسلسل فراہم کرتی ہیں جس کے بغیر دستور اور قوانین کو نہیں سمجھا جا سکتا ہے۔ اقدار کی پاسبانی، روایات کے ذریعے ہوتی ہے۔ افراد کو انہماک اور اشتراک کے ساتھ کام پر لگانا اور نتائج کی بنیاد پر معاملہ کرنا بھی ضروری ہے۔

۴ **مختصر ڈھانچہ:** ڈھانچے کا کام کارکردگی کو ممکن بنانا ہے۔ کام کو روکنا، طول دینا یا مشکلات میں اضافہ کرنا، یہ ڈھانچے کے بھاری پن کی علامت ہیں۔ ڈھانچہ ایسا ہو کہ جس کے ذریعے تعاون ممکن ہو۔

۵ **اعلیٰ قیادت:** ذمہ داری بالآخر قیادت کی ہوتی ہے۔ قیادت کا کام خود کام کرنا نہیں، بلکہ دوسروں سے کام لینا ہے۔ اندر باہر تمام متعلقہ افراد اور اداروں سے رابطہ رکھنا، بہترین افراد کو سمونے کی کوشش کرنا، مسائل کو حل کرنا، امکانات پر نظر رکھنا، کارکردگی کے معیار کو بلند کرنا، یہ قائد کا کام ہے۔

سنابل العلم